Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱۲ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۴ صفر ۱۳۵۸ھ مطابق ۲۵ مارچ ۱۹۳۹ء جلد (۵۱)

آرڈرز ان کونسل اپوائنٹمنٹ ۱ ۷۰۰

۱	منظوری آسامی اکاؤنٹنٹ بعہدہ عارضی برائے یک سال بسلسلہ نگرانی سوائی منڈی منظوری تقرر باشندہ ضلع غیر	۱
۲	" تقرر حامد علی خاں باشندہ ضلع غیر برائے پنوڑیہ ریسرچ شوگر کین	۵
۳	" تقرر منشی سید جان (ریٹائرڈ سب انسپکٹر) برائے نگرانی پارک خاص باغ۔	۲
۴	واپسی روانگی فارم سروس سلکشن بورڈ (بعد تصدیق خانہ ٹ ہمراہ کم تقرر بہ سررشتہ متعلقہ)	۴۰۲

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- واقع ۲۰ ر مارچ ۱۹۳۹ء اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۲۰ ر مارچ ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری آسامی اکاؤنٹنٹ بطور عارضی برائے یکسال بمشاہرہ ساٹھ روپیہ بسلسلۂ نگرانی سوائی فنڈ و منظوری تقرر باشندۂ ضلع غیر پیش ہوکر واضح ہوا کہ اسوقت سوائی فنڈ ایک لاکھ بارہ ہزار روپیہ کا ہے۔ صرف ایک کلرک حسابات کی دیکھ بھال کرتا ہے حالانکہ برٹش گورنمنٹ میں پچیس ہزار روپیہ پر ایک کلرک رکھا جاتا ہے۔ ضرورت ہے کہ صوبہ متحدہ کے محکمۂ زراعت کا ایک تجربہ کار کلرک ایک سال کے لئے عارضی طور پر رکھا جائے تاکہ حسابات صحیح حالت میں رہیں۔ اسکی تنخواہ ڈیولپمنٹ بورڈ کی منظور کردہ گرانٹ تعدادی پندرہ ہزار روپیہ سے ادا کیجائیگی۔

طے پایا کہ

حسب تجویز سوائی فنڈ کے حسابات کی نگرانی کے لئے ایک اکاؤنٹنٹ کی عارضی آسامی برائے ایک سال بمشاہرہ ساٹھ روپیہ منظور کیجاتی ہے اور اس عارضی آسامی پر باشندۂ ضلع غیر کے تقرر کی منظوری دیجاتی ہے۔ تنخواہ گرانٹ محولہ تجویز سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- واقع ۲۲ ر مارچ ۱۹۳۹ء اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۲۰ ر مارچ ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدین خلاصہ پیش ہوئی کہ بورڈ میں شوگر کین ریسرچ کیواسطے ایک ایگریکلچرل گریجویٹ کے تقرر کی ضرورت ہے۔ یہ تقرر عارضی ایک سال کیواسطے ۱۲ ر مارچ ۱۹۳۹ء سے ہوگا۔ چونکہ کوئی باشندۂ رامپور مندرجہ بالا قابلیت کا دستیاب نہیں ہوا۔ لہذا تجویز ہے کہ حامد علی خاں باشندۂ شاہجہانپور کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ آسامی مذکور پر کیجائے

طے پایا کہ:-

حسب تجویز برائے ریسرچ شوگر کین ورک ایک عارضی آسامی برائے یکسال بمشاہرہ پچاس روپیہ ۱۲ ر مارچ ۱۹۳۹ء سے منظور کیجاتی ہے۔ اور آسامی مذکور پر حامد علیخاں باشندۂ ضلع غیر کا تقرر عارضی بمشاہرہ پچاس روپیہ برائے یکسال از ۱۲ ر مارچ ۱۹۳۹ء منظور کیا جاتا ہے تنخواہ کی رقم مبلغ ایکہزار چھ سو پچاس روپیہ کی رقم منظور شدہ برائے شوگر کین ریسرچ سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابتہ منظوری ایک آسامی نگران برائے پارک خاصباغ بمشاہرہ عہ ازیکم فروری ۱۹۳۹ء تا ۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء تقرر منشی سید جان صاحب ریٹائرڈ سب انسپکٹر پولیس بر آسامی مذکور پیش ہو کر واضح ہوا کہ بحکم کونسل مورخہ ۱۹ ستمبر ۱۹۳۷ء پارک خاص باغ میں ایک نگراں کی جدید آسامی بمشاہرہ عہ ۱۶ دسمبر ۱۹۳۷ء سے ایک سال کے لئے منظور ہوئی تھی اور آسامی مذکور پر نامبردہ کا تقرر ہوا تھا مدت تقرر ۱۵ دسمبر ۱۹۳۸ء کو ختم ہوگئی اور سید جان صاحب علیحدہ کردیئے گئے

اب صاحب ہاؤس ہولڈ سکریٹری بہادر نے رپورٹ کی ہے کہ حصہ زیریں میں چونکہ جدید درختان وغیرہ کا سلسلہ ابھی ختم نہیں ہوا ہے اس لئے نامبردہ کو ازیکم فروری ۱۹۳۹ء تا ۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء مقرر فرمایا جائے تو باعث سہولت کار ہے ادائیگی تنخواہ مارچ ۱۹۳۹ء تک بجٹ مد متفرقات سے اور اپریل ۱۹۳۹ء تا ستمبر ۱۹۳۹ء مد اجرت مزدوران بجٹ پارک خاصباغ ۱۹۳۹ء سے ہوگی صیغہ فائنانس کو اتفاق ہے -

طے پایا کہ:-

حسب اتفاق فائنانس و مراسلت تجویز پارک خاصباغ کے لئے ایک نگراں کی عارضی آسامی بمشاہرہ عہ ازیکم فروری ۱۹۳۹ء تا ۳۰ ستمبر ۱۹۳۹ء منظور ہے اور اس آسامی پر منشی سید جان صاحب پنشنر کا تقرر بمشاہرہ عہ منظور کیا جاتا ہے ادائیگی تنخواہ حسب مراسلت تجویز ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو اور مسل شمولہ مراسلت قبل واپس کی جائے۔

" دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ:- مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۲۰ مارچ ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ صاحب سکریٹری بہادر سروس سلکشن بورڈ کی تحریر سے واضح ہے کہ تکمیل فارم میں رکاوٹ ہونیکی وجہ سے کام میں ابتری ہوتی ہے۔ صیغہ جات سے جوابات بہت تاخیر سے موصول ہوتے ہیں جس کے باعث رجسٹر ان کی خانہ پری نہیں ہوتی۔ مناسب ہوگا کہ حکم تقرر کے ساتھ فارم سروس سلکشن بورڈ افسران صیغہ بعد تصدیق خانہ ۵ کافی تحقیقات کرکے سررشتہ صدر کو روانہ کیا کریں اور سررشتہ صدر نقل حکم تقرر کے ساتھ فارم دفتر سروس سلکشن بورڈ میں ارسال کیا کرے۔

طے پایا کہ:-

ہنگام تقرر ملازمان۔ صیغہ جات متعلقہ سے منسلکہ فارم کے کل خانوں کا اندراج مطابق عمل کیا جائیگا لیکن تحقیقات سروس سلکشن بورڈ خود کریگا۔ سررشتہ صدر اصل فارم بھی حکم تقرر کی نقل کیساتھ دفتر سروس سلکشن بورڈ میں ارسال کیا جایا کرے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام مناسبہ
جاری ہوں ایک نقل حکم ہذا کی مع نقل فارم
منسلکہ درج گزٹ کی جائے۔

دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر سٹیٹ کونسل)

درخواست اجلاس سروس سلیکشن بورڈ

۱	نام سائل	
۲	ولدیت	
۳	عمر	
۴	سکونت	
۵	کیا باشندۂ رامپور ہے مع ثبوت	
۶	معیار قابلیت و تعلیم	
۷	کیا ملازمت چاہتا ہے	
۸	کیا کوئی ذریعہ معاش ہے اگر ہے تو کیا	
۹	آیا سائل بحیثیت باشندۂ ریاست ہو یا [illegible]	
۱۰	ایسے دو معزز اشخاص کے نام جو سائل کو جانتے ہوں	

دستخط امیدوار